© rasailojaraid.com



# ارتحالِ ذوالکفل بخاری

میجر (ر) محمد سعید اختر

جنم جس کو دیا بنتِ عطاؒ * نے
لیا ہے گود اب اُم القریٰ نے

یہاں پر سوگ ہے اک خامشی ہے
مگر حوروں کے ہاں ہیں شادیانے

وہ اک رعنا جواں، بانکا، نرالا
جسے پالا تھا پاکیزہ فضا نے

نہ رنگ و صوت کا طالب ہوا وہ
نہ تر ہونے دیا دامنِ حیا نے

محبت، غم، صبر اور آہ و زاری
قضا آتی ہے سب کچھ آزمانے

مشیت پر رہیں راضی، ہے لازم
سبق ہم کو دیا یہ مصطفیٰ نے

مقام اس کا ہوا فردوسِ اعلیٰ
شہادت ثبت کی وقتِ قضا نے

الٰہی اس پہ رحمت بیکراں ہو
عہد پورا کیا مردِ وفا نے

* سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ



© rasailojaraid.com